پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 24/11/2023

حوالہ نمبر TMC/G/INF/0018/23

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ تعلیم ہماری زندگی میں بہت ضروری ہے اس کے بغیر ہم اپنی زندگی میں کامیابی حاصل نہیں کر سکتے ہیں ہمارے روشن مستقبل کا ایک اہم زریعہ تعلیم ہے مرد ہو یا عورت سب کو تعلیم حاصل کرنی چاہیے انسان اور حیوان میں فرق تعلیم ہی کی بدولت حاصل ہوتا ہے تعلیم سب سے طاقتور ہتھیار ہے اس ہتھیار سے ہم اپنی زندگی میں کوئی بھی اچھا مقصد حاصل کر سکتے ہیں تعلیم ہمارے علم کو بڑھانے میں مدد کرتی ہے تعلیم حاصل کرنے کا مطلب صرف اسکول، کالج یا یونیورسٹی سے ڈگری لینا نہیں ہے یہ وہ زیور ہے جو انسان کے کردار کو سنوارتا ہے تعلیم جہالت کے اندھیروں میں روشنی کی کرن ہوتی ہے میں چاہتا ہوں کہ گڈاپ ٹاؤن کے تمام اسکولوں کے بچے جدید تعلیم، کمپیوٹر کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم حاصل کر کے بہترین شخص بن کر اپنے ملک کا نام روشن کریں تمام والدین اپنے بچوں کو تعلیم ضرور حاصل کروائیں بچوں کے روشن مستقبل کے لیے بہت ضروری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گڈاپ ٹاؤن کے اسکولوں کی وزٹ کے دوارن کیا، اسکول انتظامیہ نے چیئرمین کی آمد پر خوشی کا اظہار کیا اور اسکول کے مسائل سے آگاہ کیا سندھ کی ثقافت اجرک کے تحائف بھی پیش کیں، اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، کونسل ممبر مرتضٰی یار محمد، کونسل ممبر محمد رفیق جوکھیو و دیگر بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM TMC GADAP TMC GADAP WWW.TMCGADAP.GOS.PK

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ، میونسپل کمشنر احمد یار اور اراکین کونسل کے ساتھ اسکولوں کے وزٹ کا گروپ فوٹو۔